नींद हमारी ख्वाब तुम्हारे

نیند ہماری خواب تمہارے

ادا کاران

نندا ششی کپور ۔ بلراج ساہنی نروپا رائے

انور حسین ۔ اوم پرکاش

قیمت دس نئے پیسے

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

گانے

نیند ہماری خواب تمہارے

گانا نمبر ۱

ساقیا ایک جام وہ بھی تو دے
جو تیری آنکھ سے چھلکتا ہے
جو بھری ہے تیری صراحی میں
دور اس کا تو روز چلتا ہے
ساقیا ایک جام —

زندگی جب نہ راس آئی ہمیں
بھاگ کر تیرے در پہ آ بیٹھے
یہ سنا ہے کہ ایک قطرے سے
تو کئی قسمتیں بدلتا ہے —— ساقیا ایک جام —

اپنی دنیا الگ ہے دنیا سے
ہم کو کیا واسطہ زمانے سے
جب زمانے میں رات ہوتی ہے
پینے والوں کا دن نکلتا ہے
ساقیا ایک جام —

گانا نمبر ۲ — یوں نہ روٹھو نہ حسینہ میری جان پہ بن جائے گی
میری جان پہ بن جائے گی
ہائے یوں روٹھو نہ حسینہ ...

کرتے نہ جو بہانا نزدیک کیسے آتے
یہ فاصلہ یہ دوری ہم کس طرح مٹاتے
ہاتھوں میں ہم نہ لیتے جب ہاتھ ہی ہمارا
اس بے قرار دل کو ملتا کہاں سہارا
ہائے یوں روٹھو نہ ....

یہ بال بکھرے بکھرے گالوں پہ یوں نہ ہوتے
یہ ناگ کالے کالے پھولوں میں یوں نہ سوتے
یہ رات کا اندھیرا دن سے گلے نہ ملتا
الفت کا شوخ غنچہ ایسے نہ دل میں کھلتا
ہائے یوں روٹھو نہ ...

آؤ قریب آؤ پلکوں پہ بیٹھ جاؤ
آنکھوں میں جھوم جاؤ دل میں مرے سماؤ
اب مسکرا کے کہہ دو ہم تو خفا نہیں ہیں
اک دل ہے ایک جان ہے ہم تم جدا نہیں ہیں
ہائے یوں روٹھو نہ ...

گانا نمبر ۳ لڑکا۔ کبھی تیرا دامن نہ چھوڑیں گے ہم
چاہے زمانہ کرے لاکھوں ستم
لڑکی۔ کبھی تیرا دامن نہ چھوڑیں گے ہم
صنم تیری جنت ہے تیرے قدم
دونوں۔ کبھی تیرا دامن ...
لڑکا۔ محبت کے شعلوں میں جلتا رہوں گا

تیرا نام لے کر میں چلتا رہوں گا
ٹھوکر بھی کھا کر سنبھلتا رہوں گا
لڑکی:۔ بڑے ہیں محبت کے ہم پہ کرم
دونوں:۔ کبھی تیرا دامن . . . .
لڑکی:۔ بنیگی سہارا جو تیری نگاہیں
تو آسان ہوں گی محبت کی راہیں
کہ منزل ہے میری تیری نبی باہیں
چلے ہیں سفر پہ یہ کھا کے قسم
دونوں:۔ کبھی تیرا دامن ـــــــ
دونوں:۔ مچلتی اُمیدیں ارادے جواں ہیں
کہ بس میں ہمارے زمیں آسمان ہے
محبت وہیں ہے ہم تم جہاں ہیں
ملا کر چلے ہیں قدم سے قدم
کبھی تیرا دامن ـــــــ
گانا لڑکا:۔ بھیگی ہوئی اس رات کا آنچل کتنا ہے لہرا کے
آ آ جاؤ۔ سائے میں میرے پیار رکھ دو
بھیگی ہوئی اس رات . .
سانسوں میں سانسیں گھل مل جائیں
پیار کی خوشبو پھیلائیں
شبنم پھولوں پر جب موتی بکھرائے
تب ہوتا جدا شرما کے

بھیگی ہوئی اِس رات کا....

کب ملتی ہے پیار کی فرصت
کیوں نہ کریں محبت
بولو۔ کچھ بولو۔ کیوں چپ ہو میرے ساتھی
یہ نازک دِل دھڑکا کے
بھیگی ہوئی اِس رات کا...

ان باہوں میں سو جانے دو
آج مجھے کھو جانے دو
کہہ دو۔ کہہ دو نہ۔ تم کس کے ہو۔ کس کے
ہاں کہہ بھی دو مسکا کے
بھیگی ہوئی اِس رات کا..

گاناہو لڑکا:۔ حسن جب جب عشق سے ٹکرا گیا
ساری دُنیا پر نشہ سا چھا گیا
لڑکی:۔ جب کبھی پیغام اُلفت آ گیا
ساری دُنیا پر نشہ سا چھا گیا
لڑکا:۔ پیار کتنے ہیں حسینو ں سے کون سے جادو کا نام
آنکھ کرتی ہے اشارہ دِل کا ہو جاتا ہے کام
لڑکی:۔ مسکرا کر چوٹ جب دِل کھا گیا
ساری دُنیا پر نشہ سا چھا گیا ۔ حسن جب جب۔
اِس محبت کو تڑپ سمجھیں یا بے تابی کہیں
بے قراری دِل کی یا راتوں کی بے خوابی کہیں

لڑکا:۔ راز یہ جس دن سمجھ میں آگیا
ساری دنیا پہ نشہ سا چھاگیا ۔۔۔ حسن جب جب ۔۔
عشق کا دل ہے نہ جانے کون سا ہے واسطہ
کس کو ہم منزل کہیں اور کس کو سمجھیں راستہ
لڑکی:۔ جب کوئی دیوانہ منزل پاگیا
ساری دنیا پر نشہ سا چھاگیا حسن جب جب ۔۔
گانا نمبر ۱۲:۔ کوئی شکوہ بھی نہیں شکایت بھی نہیں
اور تمہیں ہم سے وہ پہلی محبت بھی نہیں
نہ خاموشی یہ نگاہوں میں اداسی کیوں ہے
پاکے سب کچھ بھی محبت ابھی پیاسی کیوں ہے
راز دل ہم بھی سنیں اتنی عنایت بھی نہیں
اور تمہیں ہم سے ۔۔۔۔ کوئی شکوہ ۔۔۔
پیار کے وعدے وفا ہونے کے دن آئے ہیں
یہ نہ سمجھاؤ جفا ہونے کے دن آئے ہیں
روٹھ جاؤ گے تو کچھ دور قیامت بھی نہیں
کوئی شکوہ ۔۔۔
ہم وہی اپنی وفا اپنی محبت ہے وہی
تم بدل بیٹھ گئے اپنی تو حسرت ہے وہی
اور دنیا میں کسی چیز کی چاہت ہی نہیں
اور تمہیں ہم سے ۔۔۔ کوئی شکوہ ۔۔
تمام شد

فلم میں بھرتی ہونے سے پہلے اپنے آپکو ایک ایکٹر بنا لینا ضروری ہے

فلم ایکٹنگ گائڈ کا مطالعہ کیجئے

اس کتاب میں ایکٹر بننے کے طریقے درج کئے گئے ہیں۔ ایکٹنگ کیا ہے۔ اور کیسے کیا جاتا ہے۔ ایکٹر بننے اور بھرتی ہونے کیلئے کیا کیا ہونا ضروری ہے۔ تمام باتیں آسان اردو زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آخر میں تمام مشہور فلم کمپنیوں کے پتے ایکٹروں اور ایکٹریسوں کے حالات نیز پرائیویٹ پتے بھی درج کر دیئے گئے ہیں۔ تاکہ ہر شخص کو ان سے خط و کتابت کرنے میں آسانی ہو۔

قیمت صرف ۱/- علاوہ محصول ڈاک خرچ

اصلی پرانا کوک شاستر باتصویر

یہ کتاب بہترین ہے۔ اور ہر ایک نوجوان کے لئے اس کا پڑھنا ضروری ہے۔ اس میں تمام قسم کے آدمیوں اور عورتوں کی پہچان بانجھ عورت کا علاج۔ لڑکا لڑکی پیدا ہونے کا وقت معلوم کرنا۔ چاند کی کس تاریخ کو عورت کے کس حصے میں کام جاگتا ہے۔ اس کی تصاویر۔ اس کتاب کی زیادہ تعریف لکھنا قانون کے خلاف ہے۔ آج ہی منگا لیجئے۔ ورنہ بعد میں پچھتانا پڑے گا۔

قیمت صرف ۱/- 4/ علاوہ محصول ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

عملیات تسخیر قلوب

اس کتاب میں بتلائے ہوئے اصولوں پر عمل کرنے سے عورت و مرد کے دل کو اپنی مٹھی میں کرنا بالکل معمولی بات ہے۔ گرہستی زندگی کو پُر مسرت بنانا بالکل سہل ہو گا۔ جو لوگ عورتوں کی زبان درازی سے تنگ آ گئے ہوں وہ اس کتاب کو پڑھیں اور دیکھیں کہ ان کی روٹھی ہوئی بیویاں اور پرواہ نہ کرنے والے دل کس طرح خود بخود اُن کی طرف کھنچے چلے آتے ہیں۔

قیمت صرف ۔/۱/ علاوہ محصول ڈاک خرچ

عملیات تسخیر محبوب عرف ہمدرد عشاق

اگر آپ کسی زہرہ جمال حسینہ کی زلف گرہ گیر میں اسیر ہو چکے ہیں۔ اور مطلب برآری کی کوئی صورت نظر نہیں آتی۔ خوشامد کرتے کرتے اور جور و ستم سہتے سہتے عاجز آ گئے ہیں۔ تو آپ آج ہی اس نادر روزگار کتاب کو منگا کر اس میں درج کیے ہوئے اصولوں پر چل کر کامیابی حاصل کر لیجئے۔ اب تک اس کتاب کی لاکھوں کاپیاں فروخت ہو چکی ہیں۔ اور ہزارہا حاجتمند اس سے فائدہ اٹھا چکے ہیں۔ آپ بھی منگا کر فائدہ اٹھائیے۔

قیمت صرف ۔/۱/ علاوہ محصول ڈاک خرچ

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

اعلیٰ پریس دہلی